ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امت محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن وحدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:24
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:24

مرتب
حمیدہ بی بی ایم ایڈ

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ چوبیس مع درسِ حدیث

مرتب : حمیدہ بی بی ایم ایڈ

صفحات : 15

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

حمیدہ بی بی ایم ایڈ

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ چوبیس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوۃ والسلام علیك یارسو ل اللّٰہ

حق پر ایمان لاؤ(پارہ24سورہ الزمر32)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات پر عمل کرو(پارہ24سورہ الزمر32)

کسی کو بھی اللہ کا شریک ہر گز نہ ٹھہراؤ(پارہ24سورہ الزمر32)

ظالم مت بنو(پارہ24سورہ الزمر32)

اللہ اور اس کے رسولوں کی پیروی کرو(پارہ24سورہ الزمر33)

قرآن اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرو(پارہ24سورہ الزمر33)

اللہ کی وحدانیت پر ایمان لاؤ(پارہ24سورہ الزمر33)

اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو(پارہ24سورہ الزمر33)

حق کا انکار کرکے خود پر ہر گز ظلم نہ کرو(پارہ24سورہ الزمر33)

نفس کے دھوکے میں ہر گز نہ آؤ(پارہ24سورہ الزمر33)

اپنے ہر کام میں اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھو (پارہ 24 سورہ الزمر 36-37)

گمراہ اور فاسد لوگوں سے بچ کر رہو (پارہ 24 سورہ الزمر 36-37)

علم و حکمت والے خدا کی قدرت کا دل سے اقرار کرو (پارہ 24 سورہ الزمر 38)

انبیاء کرام اور صالحین کے ساتھ دشمنی کرنے سے بچو (پارہ 24 سورہ الزمر 39-40)

اللہ کی برحق کتاب سے ہدایت لو (پارہ 24 سورہ الزمر 41)

دوسروں کی کوتاہیوں پر اپنی جان کو ہلاکت میں نہ ڈالو (پارہ 24 سورہ الزمر 41)

اللہ کی نشانیوں کو سمجھو (پارہ 24 سورہ الزمر 42)

موت کے لیے ہر وقت تیار رہو (پارہ 24 سورہ الزمر 42)

اللہ کے مقابلے میں کسی کو سفارشی نہ بناؤ (پارہ 24 سورہ الزمر 43-44)

اپنے نیک اعمال کے بارے میں اللہ کی خفیہ تدبیر سے ڈرو (پارہ 24

سورہ الزمر 47۔48)

مشرکین کی طرح اللہ کی عطا کردہ نعمتوں پر غرور اور تکبر ہرگزنہ کرو (پارہ24سورہ الزمر 49)

غرور اور گھمنڈ سے بچو اور غرور اور تکبر کرنے والوں کا ساتھ ہرگزنہ دو(پارہ24سورہ الزمر 49)

شرک اور کفر کر کے اپنی جانوں پر ظلم ہرگزنہ کرو (پارہ 24 سورہ الزمر 51)

تم فرماؤاے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے نااُمید نہ ہو بیشک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے بیشک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔(پارہ24سورہ الزمر 53)

اور اپنے رب کی طرف رجوع لاؤ اور اس کے حضور گردن رکھو قبل اس کے کہ تم پر عذاب آئے پھر تمہاری مدد نہ ہو۔(پارہ 24 سورہ الزمر 54)

اور اس کی پیروی کرو جو اچھی سے اچھی تمہارے رب سے تمہاری طرف اُتاری گئی قبل اس کے کہ عذاب تم پر اچانک آجائے اور تمہیں خبر

نہ ہو۔ کہ کہیں کوئی جان یہ نہ کہے کہ ہائے افسوس ان تقصیروں پر جو میں نے اللہ کے بارے میں کیں اور بیشک میں ہنسی بنایا کرتا تھا۔ یا کہے اگر اللہ مجھے راہ دکھاتا تو میں ڈر والوں میں ہوتا۔ یا کہے جب عذاب دیکھے کسی طرح مجھے واپسی ملے کہ میں نیکیاں کروں۔(پارہ24سورہ الزمر 55۔58)

حق کو پہچانو اور اللہ کی رضا حاصل کرو(پارہ24سورہ الزمر 55۔58)

پرہیز گاری اختیار کرو(پارہ24سورہ الزمر 55۔58)

اللہ کی آیات کو مت جھٹلاؤ اور نہ ہی تکبر کرو(پارہ24 سورہ الزمر 59)

اپنے اختیارات کو حق قائم کرنے کے لیے استعمال کرو(پارہ24سورہ الزمر 59)

تقویٰ اختیار کرو کیونکہ متقین اللہ کے مہمان ہوں گے(پارہ24سورہ الزمر 61)

ہر گز اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو ورنہ تمہارے نیک اعمال ضائع ہو جائیں گے(پارہ24سورہ الزمر 65)

اللہ کی نافرمانیوں سے بچو تاکہ قیامت کی ہولناکی سے محفوظ رہو(پارہ

24سورہ الزمر 70)

قرآن پاک پر من و عن ایمان لاؤ(پارہ24سورہ المؤمن 1۔2)

قرآن کے احکامات میں بحث اور جھگڑے سے بچو (پارہ 24 سورہ المؤمن4)

سابقہ قوموں کے احوال سے عبرت حاصل کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن5)

اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کرتے ہوئے وقت پر توبہ واستغفار کرو(پارہ24سورہ المؤمن 10)

مرنے سے پہلے ہی اپنے اعمال کی اصلاح کرلو(پارہ24 سورہ المؤمن 11۔12)

اللہ سے ہر وقت ہدایت طلب کرتے رہو(پارہ 24 سورہ المؤمن 13.14)

نیک اعمال کرتے ہوئے ریاکاری سے بچو (پارہ 24 سورہ المؤمن 13.14)

اپنے ہر ظاہری اور پوشیدہ عمل پر غور و فکر کرو(پارہ24سورہ المؤمن

16)

قیامت کے ہولناک نتائج سے ڈرو اور نیک اعمال کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن 18)

آنکھوں کی خیانت سے بچو (پارہ 24 سورہ المؤمن 19)

اپنی تنہائی کو پاکیزہ بناؤ (پارہ 24 سورہ المؤمن 19)

اللہ پر اعتماد اور بھروسہ رکھو (پارہ 24 سورہ المؤمن 27)

آفات و مصائب میں صرف اللہ سے رجوع کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن 27)

بغیر تصدیق کے کسی بھی بات پر مت جھگڑا کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن 35)

انبیاء اور اولیاء کرام کی پیروی کرو کہ یہی راہ نجات ہے (پارہ 24 سورہ المؤمن 38)

اپنی اخرت کو سنوارنے کی ہر وقت تگ و دو کرتے رہو (پارہ 24 سورہ المؤمن 39)

جھوٹے اور متکبر لوگوں کی پیروی ہر گز نہ کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن

48-47)

اپنے سے پچھلی قوموں کے انجام سے عبرت حاصل کرو (پارہ 24 سورہ المؤمن 21-22)

صبر کرو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنوں کے گناہوں کی معافی چاہو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے صبح اور شام اس کی پاکی بولو۔(پارہ 24 سورہ المؤمن 55)

ہر وقت اللہ کی پناہ مانگو بے شک وہ دیکھتا اور سنتا ہے (پارہ 24 سورہ المؤمن 56)

خلوصِ دل اور اللہ کی رحمت پر پختہ یقین سے دعائیں مانگو (پارہ 24 سورہ المؤمن 60)

اپنی زندگی کے بدلتے احوال سے رب کی وحدانیت کو سمجھو (پارہ 24 سورہ المؤمن 67)

تو تم صبر کرو بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے تو اگر ہم تمہیں دکھادیں کچھ وہ چیز جس کا اُنھیں وعدہ دیا جاتا ہے یا تمہیں پہلے ہی وفات دیں بہر حال اُنھیں ہماری ہی طرف پھرنا۔(پارہ 24 سورہ المؤمن 77)

اللہ کے کلام پر غور و فکر کر کے اس پر عمل کرو۔(پارہ 24 سورہ حم السجدہ 1۔5)

اس دن کے عذاب سے بچو جس دن تمہارے اعضاء تمہارے خلاف گواہی دیں گے (پارہ 24 سورہ حم السجدہ 19۔20)

اللہ سے ہمیشہ اچھا گمان رکھو۔(پارہ 24 سورہ حم السجدہ 23)

ہر وقت اللہ سے توبہ و استغفار کرتے رہو اور نیک گمان رکھو۔(پارہ 24 سورہ حم السجدہ 23)

قرآن کریم کی تلاوت خاموشی سے سنا کرو۔(پارہ 24 سورہ حم السجدہ 26)

دلجمعی سے اللہ کے کلام پر غور و فکر کرو۔(پارہ 24 سورہ حم السجدہ 26)

اللہ پر ایمان لاؤ اور اس پر ثابت قدم رہو (پارہ 24 سورہ حم السجدہ 30)

غصے کو کنٹرول کرو اور صبر سے کام لیا کرو (پارہ 24 سورہ حم السجدہ 34)

اللہ کی تسبیح و تقدیس کرو کہ یہ تمہارے لیے باعثِ شرف ہے (پارہ 24 سورہ حم السجدہ 38)

قرآن کریم کا انکار اور اس پر اعتراض کرنے سے بچو (پارہ 24 سورہ حم

السجدہ 41)

قرآن کریم سے ہدایت اور شفا حاصل کرو (پارہ 24 سورہ حم السجدہ 44)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

عجیب وغریب پرندہ

مَنۡ عَطَسَ فَقَالَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ مِنۡ حَالٍ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اَھۡلِ بَیۡتِہٖ اَخۡرَجَ اللّٰہُ مِنۡ مَّنۡخِرِہِ الۡاَیۡسَرِ طَائِرًا یَقُوۡلُ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِقَائِلِھَا

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جس نے چھینک آنے پر یہ کہا:

”اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ مِن حَالٍ وَّصلی اللہ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھۡلِ بَیۡتِہٖ“

تو اللہ پاک اُس کے بائیں نتھنے (ناک کے اُلٹے سُوراخ) سے ایک پرندہ نکالتا ہے جو کہتا ہے اے اللہ پاک! اِس کہنے والے کی مغفرت فرما۔ (القول البدیع، ص424)

رحمت کے دروازے کُھل جائیں گے

اِذا فَرَغَ اَحَدُکُمْ مِنْ طُھُوْرِہٖ فَلْیَقُلْ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ واَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ثُمَّ لِیُصَلِّ عَلَیَّ فَاِذَا قَالَ ذٰلِکَ فُتِحَتْ لَہٗ اَبْوابُ الرَّحْمَۃِ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جب تم میں سے کوئی وضو سے فارغ ہو تو: ”اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ واَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ“ پڑھے پھر مجھ پر دُرود شریف پڑھے جب وہ یہ پڑھے گا اُس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔“(القول البدیع، ص342)

راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی ﷺ کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطرق پر مشتمل پہلی جامع وضخیم تصنیف (متن حدیث وسیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات ﷺ
- رسول اللہ ﷺ کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ ﷺ کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی ﷺ پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی ﷺ پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات